**بلاشبہ انسانیت کے وجود کے لئے جسم کے ساتھ روح بھی ناگزیر ہے، لھذا ان دونوں کی حفاظت اور تندرستی انسان کی اولین ذمہ داری ہے۔ اور دل جسم کا وہ عضو ہے، جسے روحانی اور جسمانی دونوں اعتبار سے نھایت اھمیت حاصل ہے۔**

# نینداور دل کے درمیان تعلق کی حقیقت

## سونے کی غلط عادات، طریقے اور بے خوابی دل کو شدید خطرات لاحق کر سکتی ہے




روحانی اعتبار سے ہمیں یہ تعلیم دی گئی ہے کہ ''انسانی جسم کے اندر گوشت کا ایسا لوتھڑا ہے کہ اگر وہ صحیح ہو تو پورا جسم صحیح رہتا ہے، اور اگر اس میں خرابی پیدا ہوجائے تو پورا جسم خراب ہوجاتا ہے، جسم کا یہ حصہ دل ہے'' جبکہ دوسری طرف جدید سائنس بتاتی ہے کہ انسانی وجود کے اہم جزو دماغ کی تمام تر ترقی کے باوجود آج بھی انسان غمزدہ اور پریشانیوں میں مبتلا ہے، جس کی وجہ بلاشبہ دل ہی ہے۔

اگر آپ کا دل پریشان ہے تو پھر جتنی بھی ترقی ہوجائے ایک انسان مطمئن و پُرسکون نہیں ہو سکتا، لہٰذا دل کے تندرستی اور صحت مندی نہایت ضروری ہے۔ تاہم یہاں ہم انسانی جسم میں اہمیت کے اعتبار سے ذہن و دل کا کوئی مقابلہ کرنے نہیں جارہے بلکہ یہ بتانے جارہے ہیں کہ ہم ایسا کیا کر سکتے ہیں؟ جس سے دل کے دھڑکنے کی رفتار متاثر نہ ہو اور یہ صحت مندانہ طریقے سے کام کرتا رہے۔

عمومی طور پر ہمیں اپنے اردگرد ایسے بے شمار واقعات سننے کو ملتے ہیں کہ فلاں رات کو سویا تو اسے ہارٹ اٹیک آگیا، لیکن کیا آپ جانتے ہیں، رات کے وقت آنے والے ہارٹ اٹیک کی دیگر وجوہات کے ساتھ ایک بہت بڑی وجہ نیند، سونے کا غلط طریقہ اور وقت ہے۔

امریکا کے ممتاز ماہرین امراض قلب نے کئی ماہ کی کاوشوں کے بعد اپنے تجربات کو شیئر کرتے ہوئے بتایا کہ سونے کے وقت کا آپ کے دل کے ساتھ ایک گہرا تعلق ہے۔

عمومی طور پر دنیا میں نیند کے حوالے سے دو طرح کے لوگ ہوتے ہیں، ایک وہ جو بناء کسی مشقت کے فوراً سوجاتے ہیں جبکہ دوسری قسم کو اس نعمت کے حصول کے لئے بہت پاپڑ بیلنے پڑتے ہیں۔ امریکن ہارٹ ایسوسی ایشن نامی جریدے میں شائع ہونے والی حالیہ تحقیق میں سونے کے وقت، طریقوں اور دل کو لاحق خطرات کے بارے میں بتایا گیا ہے، جس کا ہم یہاں ذکر کرنے جارہے ہیں۔

نیند کی خرابی یعنی وقت بے وقت آنکھ کا کھلنا آپ کے دل کا بہت بڑا دشمن ہے، خصوصاً اس وقت جب آپ کے جسم کو ابھی مزید **10** منٹ آرام کرنا تھا۔ **Vanderbilt MedicalUniversity Center** امریکا کی معروف محقق ڈاکٹر کیلسی فل بتاتی ہیں کہ انہوں نے امریکن معاشرے کے **6** گروہوں میں سے **2** ہزار **32** افراد کا چناؤ کرکے ان کے سونے کے طور طریقوں پر تحقیق کی، جس سے معلوم ہوا کہ ایک ہفتے میں **2** گھنٹے سے زائد نیند کی خرابی آپ کے دل کو خطرات لاحق کر سکتی ہے۔

اور نیند کی یہ بے قاعدگی دل کے لئے خاموش قاتل کے طور پر کام کرتی ہے، جو اندر ہی اندر دل کو نقصان پہنچاتی ہے۔ ڈاکٹر کیلسی کا کہنا ہے کہ ''باقاعدہ اور مقررہ وقت کی نیند دل کے امراض سے بچاؤ میں نہایت اہمیت کی حامل ہے'' ہمارے جسم کی مثال ایسی مشین کی ہے، جو باسہولت طریقے سے کام کرتی ہے جو ہمارے اندرونی نظام کے قاعدے کو کنٹرول کرتی ہے۔ اور اسی نظام میں ایک نیند ہے، لیکن جب ہم نیند کے اوقات کو مسلسل تبدیل کرتے رہتے ہیں تو یہ نظام متاثر ہوتا ہے کیوں کہ بار بار سونے کے اوقات کی تبدیلی کو جسم کے لئے قابل قبول بننا مشکل ہو جاتا ہے۔

یوں نئی تحقیق ہمیں بتاتی ہے کہ کس طرح نیند کے اوقات کی تبدیلی ہمارے دل سے جڑی ہے۔ تحقیق کے دوران جن افراد کو شامل کیا گیا، ان سے حاصل ہونے والی معلومات کے مطابق ان افراد کی آنتوں میں کیلشیم کا بوجھ بڑھ جاتا ہے، جو دل کی نالیوں میں خون کی روانی کو متاثر کرتا ہے۔

ڈاکٹر کیلسی اور ان کی ٹیم کے حتمی نتائج کے مطابق نیند میں بے قاعدگی امراض قلب کو جنم دیتی ہے۔ لہٰذا یہاں ہم آپ کو امریکن اکیڈمی آف سلیپ میڈیسن کی ان تجاویز سے آگاہی دینے جارہے ہیں، جن پر عمل پیرا ہو کر نیند کی ہر قسم کی خرابی پر قابو پانے میں نہایت مددمل سکتی ہے، جو نتیجتاً آپ کو دل کے امراض سے بچا یا پہلے سے متاثرہ دل کو تقویت دے سکتی ہیں۔

**1.** سونے اور جاگنے کے لئے ایک مقررہ وقت طے کرتے ہوئے مستقل اس پر عمل پیرا ہونے کی کوشش کریں۔

**2.** ہر بالغ مرد یا عورت روزانہ رات کو سات سے آٹھ گھنٹے ضرور نیند لے۔

**3.** سونے کے لئے جگہ اور بستر کو مخصوص کریں یعنی آپ جب بھی سوئیں تو اپنے بستر اور اپنی جگہ (کمرہ وغیرہ) پر آرام کریں۔

**4.** سونے کے کمرے کو پُرسکون اور راحت کا مرکز بنائیں یعنی ایسی جگہ جہاں تناؤ، خلفشار یا شور نہ ہو۔

**5.** شام کے اوقات میں لائٹس کو آہستہ آہستہ کم کرنا شروع کردیں تاکہ آپ کا دماغ جسم کو یہ بتا سکے کہ اب رات ہونے والی ہے اور میں نے سونا ہے۔

**6.** سونے کے مقررہ وقت سے کم از کم **30** منٹ پہلے اپنے تمام الیکٹرانگ آلات جیسے موبائل، کمپیوٹر یا ٹیلی ویژن وغیرہ بند کرتے ہوئے خود پر ڈیجیٹل کرفیو نافذ کردیں۔

### جلد کو تیزی سے بڑھاپے کا شکار کرنے والی غذائیں

انسانی جلد طبی اعتبار سے ایک انتہائی حساس معاملہ ہے، کیوں کہ کبھی آب و ہوا تو کبھی غیر منظم کھانوں سے یہ بہت متاثر ہوتی ہے۔ انسانی جلد کا بڑھتی عمر کے ساتھ متاثر ہونا تو سمجھ میں آتا ہے لیکن ہمارے ہاں کم عمری میں ہی چہروں پر بڑھاپے کے اثرات نمودار ہو جاتے ہیں، جس کی وجہ جلدی خلیات کی درست طریقے سے پرورش نہ ہونا ہے۔

وقت گزرنے کے ساتھ، آپ جو کھاتے اور پیتے ہیں، اس میں غیر نظم و ضبط کے انتخاب آپ کے رنگت میں ظاہر ہو سکتے ہیں۔ اور نتیجتاً آپ وقت سے پہلے بڑھاپے کے اثرات اپنے چہرے پر سجا لیتے ہیں۔ مثال کے طور پر کسی رات اگر آپ نے پیزا، تلی ہوئی خوراک یا غیر صحتمندانہ مشروبات کا کثرت سے استعمال کیا تو صبح کے وقت آپ کے چہرے پر اس کے بد اثرات نمودار ہو سکتے ہیں۔

انسانی جلد کی صحت مندی و تندرستی کے لئے بے شمار غذائیں، ادویات اور ورزشیں تک موجود ہیں لیکن یہاں ہم ان کے برعکس آپ کو ایسی غذاؤں کے بارے میں بتائیں گے، جن کے استعمال سے آپ جلد بوڑھے دکھائی دیں گے، یعنی آپ کی جلد متاثر ہوسکتی ہے۔

مستند غذائی ماہر اور ماہر امراض جلد امریکی ڈاکٹر ڈانا ایلس ہنز اور ڈاکٹر جیسکا کرانٹ کا کہنا ہے کہ آپ کی جلدی عمر کو تیز کرنے والے کھانوں میں کچھ چیزیں مشترک ہیں، جلدی کی صحت کے حوالے سے یہ نامناسب غذائیں ہیں، جن میں فائبر اور اینٹی آکسیڈینٹ بہت کم تعداد میں ہوتا ہے اور وہ اکثر جانوروں کے ذرائع سے حاصل ہوتی ہیں۔

یہ غذائیں کھانے سے آپ کے جسم میں سوزش اور داغ دھبوں کے نشانات بڑھ جاتے ہیں۔ یہ غذائیں جلد کے کروموسومز کو متاثر کرتی ہیں، جس کی وجہ سے آپ کی جلد نمایاں طور پر تیزی سے مرجھا جاتی ہے۔ دوسرا ڈاکٹر ایلس بتاتے ہیں اگر آپ سبزیوں اور پھلوں کا استعمال نہیں کرتے، جو اینٹی آکسیڈنٹس سے بھرپور ہوتی ہیں تو پھر آپ جلد ہی بوڑھے دکھائی دینے لگتے ہیں، اینٹی آکسیڈنٹس سے بھرپور غذائیں انسانی جسم وجلد کو توانائی فراہم کرتی ہیں۔

اینٹی آکسیڈنٹس کے بغیر، آپ کے جسم میں سوزش بڑھ سکتی ہے، جس سے جلد کے صحت مند خلیوں کی عمر تیزی سے بڑھ جاتی ہے۔ ڈاکٹر ڈانا ایلس ہنز اور ڈاکٹر جیسکا کرانٹ کے مطابق یہ وہ پانچ غذائیں ہیں، جن کے استعمال سے آپ کی جلدی تیزی سے جھریوں اور داغ دھبوں کا شکار ہوسکتی ہے۔

#### چینی

پیکنگ والے کھانوں، سوڈا، مٹھائیوں اور ٹافیوں میں استعمال ہونے والا میٹھا یعنی چینی انسانی جسم میں سوزش کو متحرک کرنے کا بہت بڑا ذریعہ ہے اور انسانی جسم میں بڑھنے والی سوزش کے جلد پر بداثرات کے بارے میں ہم آپ کو اوپر بتا چکے ہیں۔ **2010**ء میں جلد پر ہونے والی ایک تحقیق بتاتی ہے کہ کیمیائی عمل سے بننے والا میٹھا جلد کو خشک اور کم لچکدار بنا دیتا ہے، جس سے جھریاں جنم لیتی ہیں۔

#### ڈیری مصنوعات

دودھ کی وہ مصنوعات، جنہیں خاص کیمائی عمل سے بنایا جاتا ہے یا زیادہ وقت تک محفوظ رکھنے کے عمل سے گزارا جاتا ہے، ان میں خطرناک چربی ہوتی ہے، جو کہ درحقیقت انفلیمیٹری یعنی سوزش ہوتی ہے، جو جلد کی عمر بڑھاتی ہے۔

جیسا کہ ڈاکٹر جیسکا کرانٹ کا کہنا ہے کہ یہ تحقیق گوشت اور ڈیری مصنوعات پر مشتمل غذاؤں کے بارے میں بتاتی ہے، جس میں کولیسٹرول ہوتا ہے لیکن فائبر نہیں، جس کے باعث سوزش اور نتیجتاً جلد کی عمر تیزی سے بڑھتی ہے۔

دودھ میں شامل کیسین نامی پروٹین بھی سوزش کو متحرک کرنے میں کردار ادا کرتا ہے اور جلدی چھیدوں کو بند کردیتا ہے، جس کے باعث چہرے پر مہاسے اور دیگر جلدی بیماریاں جنم لیتی ہیں۔

#### کیمیائی عمل سے تیارشدہ گوشت

سینڈوچ سے لے کر پیزا تک پروسیس شدہ یعنی تیارشدہ گوشت کا استعمال آج دنیا بھر میں کیا جاتا ہے، جس میں چسکا ضرور ہے لیکن درحقیقت یہ غذائیت سے محروم ہے۔

تیارشدہ گوشت سوڈیم سے بھرا ہوتا ہے، جو سوجن کا سبب بن سکتا ہے، اس کے علاوہ ان میں نائٹریٹ نامی جزو بھی پایا جاتا ہے، جو سوزش کے عمل کو متحرک کرتا ہے، مزید برآں یہ گوشت وٹامن سی کو خود استعمال کر لیتا ہے، جو کہ کولیجن پروٹین کی پیداوار اور صحت مند جلد کے لئے ضروری ہے۔

#### تلی ہوئی غذائیں

جب کسی بھی کھانے کو تلنے کے لئے کھولتے ہوئے تیل میں ڈالا جاتا تو یہ خاص مرکب (ریڈیکلز) کے اخراج کا باعث بنتا ہے، جس کی کمی جلد کو متاثر کرتے ہوئے اس کی لچک تیزی سے کم کرنے کی وجہ بنتا ہے۔ اور پھر اس عمل کی سب سے بری چیز یہ ہے کہ ان میں خطرناک ٹرانس فیٹس اور ہائیڈرو جنیٹڈ فیٹس ہوتے ہیں، جو جلدی خلیوں کو بہت متاثر کرتے ہیں اور نتیجتاً جسم میں سوزش کے عمل کو تحریک ملتی ہے۔

ڈاکٹر ڈانا ایلس ہنز کہتی ہیں کہ میں ان ٹرانس فیٹس سے دوری کا مشورہ دوں گی، آپ کو قدرتی طور پر جتنا ممکن ہو سکے غذائیت سے بھرپور خوراک کا استعمال کرنا چاہیے۔

#### الٹراپروسیسڈ کاربوہائیڈریٹ

پیسٹری، چپس، بریڈ اور ڈونٹس وغیرہ الٹراپروسیسڈ، ریفائنڈ کاربوہائیڈریٹس کی واضح مثالیں ہیں، جن کے بارے میں ڈاکٹر جیسکا کرانٹ کہتی ہیں کہ یہ غذائیں سوزش کے عمل کو بڑھاوا دیتی اور غذائیت کی کمی کا باعث ہیں، جن میں فائبر بھی نہ ہونے کے برابر ہوتا ہے، اور نتیجتاً ہماری جلد تیزی سے بڑھاپے کی طرف مائل ہوجاتی ہے۔ BBC

The Urdu Daily
WATTAN
وطن سرینگر

# ’ہر حمل ایک پُل صراط ہے

# جس پر چلتی عورت ہر قدم پر ڈگمگاتی ہے‘



تحریر...
ڈاکٹر طاہرہ کاظمی

ہانپتی کانپتی، قدرے فربہ، معصوم چہرے پر ہوائیاں اور ساتھ میں مرنجاں مرنج صاحب!

’میں بہت پریشان ہوں، مرنا نہیں چاہتی میرے تین بچے ہیں۔ سب ڈاکٹروں نے بہت ڈرایا ہے۔ کوئی میرا کیس نہیں لے رہا۔ کیا آپ مجھے لیں گی؟‘

’آپ بیٹھیے تو سہی، پھر دیکھتے ہیں‘۔

’پچھلے تینوں بچے سیزیرین سے ہوئے۔ اب یہ چوتھا بچہ ہے۔ الٹراساؤنڈ میں نظر آیا کہ آنول نیچے ہے (pevia placenta) لیکن اس کے ساتھ کچھ اور شک بھی ہوا میری ڈاکٹر کو۔۔۔ انہوں نے ایم آر آئی کروانے کو کہا۔ ہم نے فورا کروایا۔ ان کا شک ٹھیک نکلا، جڑوں والی آنول نکلی جو بچے دانی سے باہر تک جا چکی ہے‘۔ وہ چھکوں پھکوں رونے لگیں۔

’دیکھیے روئیے نہیں، بات پوری کیجیے‘۔ ہم نے دھیرے سے کہا۔

’میں جس ڈاکٹر کو بھی دکھاتی ہوں وہ کیس لینے سے انکار کر دیتی ہیں۔ ان کا کہنا یہ ہے کہ پرائیویٹ اسپتال میں ہمارا کیس نہیں ہو سکتا‘، وہ روتے ہوئے بولیں۔

’کہتے تو وہ ٹھیک ہیں‘، ہم نے کہا۔

’کیا مطلب؟ یعنی کوئی حل نہیں میری تکلیف کا؟ کیا کروں پھر میں؟‘

’ہم نے یہ کب کہا کہ آپ کی تکلیف کا کوئی حل نہیں۔۔۔ ہم نے تو اس بات کی تائید کی ہے کہ پرائیویٹ اسپتال میں آپ کا آپریشن نہیں ہو سکتا‘۔

’کیا کروں پھر؟ پاکستان چلی جاؤں؟ تین بچے ہیں، اسکول جاتے ہیں۔ ان کا کیا کروں؟ کون سنبھالے گا انہیں؟ لیکن مجھے آپ کے پاس بھیجنے والی ڈاکٹر نے تو کہا تھا کہ آپ میرا کیس کر سکتی ہیں‘، وہ مزید پریشان ہوئیں۔

’ٹھیک کہا تھا انہوں نے‘۔ ہم مسکرا کر بولے۔

’لیکن آپ تو کہہ رہی ہیں کہ پرائیویٹ اسپتال میں نہیں ہو سکتا‘۔

’وہ بھی ٹھیک ہے‘۔ ہم مزید مسکرائے۔

’پھر۔۔۔ کیسے؟‘

’بھئی سرکاری اسپتال میں کیا جا سکتا ہے نا آپ کا کیس۔۔۔‘

’لیکن سرکاری اسپتال تو صرف مقامی لوگوں کے لیے ہیں، مجھے کیسے لیں گے وہ لوگ؟‘ ان کی پریشانی ختم ہونے کو ہی نہیں آ رہی تھی۔

’سنو، پریشان نہ ہو۔ ہم ریفر کریں گے تمہیں سرکاری اسپتال۔ پھر تم ہماری او پی ڈی میں آنا، ہم تمہیں قبول کریں گے۔۔۔ بس اتنی سی بات ہے‘۔

’ڈاکٹر، کیا آپ سچ کہہ رہی ہیں؟‘ وہ آنکھیں پھیلاتے ہوئے بولی۔

’تو کیا ہم جھوٹ بول رہے ہیں؟‘ ہم ہنس کر بولے۔

یہ پاکستانی مریضہ ایک پرائیویٹ اسپتال میں ہمیں دکھانے آئی تھیں۔ خیر مریض کی قومیت کوئی بھی ہو، ڈاکٹر کا کام اس کی مدد کرنا ہے سو ہم نے کی۔ جس سرکاری اسپتال میں ہم ملازم ہیں، ان کو وہاں رجسٹر کروا دیا۔ وہ ہائی شوگر کی مریضہ بھی تھیں، کچھ ہفتوں میں وہ کنٹرول کیا اور آپریشن کی تاریخ مقرر کی۔

جڑوں والی آنول کا مطلب ہے کہ آنول (placenta) بچے دانی سے اس بری طرح جڑی ہے کہ اسے کھرچ کر بھی نکالنا ممکن نہیں۔ اگر کوئی ایسا کرے گا تو خون کا اخراج اس قدر زیادہ ہوگا جو کسی کے قابو میں آنے والا نہیں اور یہ صرف زچہ کی جان لے کر ہی ٹل سکتا ہے۔

جڑوں آنول میں خون کا اخراج بہت زیادہ ہوتا ہے یہ جو آپ سنتے ہیں نا کہ بچہ تو ٹھیک ٹھاک ہوا لیکن زچگی کے بعد عورت چل بسی، اس کی وجوہات میں سب سے بڑی وجہ بچے کی پیدائش کے بعد خون کا نہ رکنا ہے۔ بچے دانی ایک ڈھیلا سا تھیلا بن جاتی ہے جس کے راستے جسم کا سارا خون بہہ جاتا ہے۔ یہ ایسی تکالیف ہیں جو چھوٹے شہروں کی اسپیشلسٹ بھی قابو نہیں کر سکتیں تو سوچیے دائیاں، نرسیں یا ایل ایچ وی کیا کرتی ہوں گی؟

جڑوں والی آنول کی 3 اقسام ہوتی ہیں۔

پلیسنٹا ایکریٹا: اس میں آنول بچہ دانی کی دیوار کے اندر دھنس جاتی ہے۔

پلیسنٹا انکریٹا: آنول بچہ دانی کی دیوار کو چیرتے ہوئے باہر نکل جاتی ہے۔

پلیسنٹا پرکریٹا: آنول اردگرد کے اعضا کو لپیٹ میں لے لیتی ہے جیسے کہ مثانہ۔

آپریشن سے کچھ دن پہلے انہیں اور شوہر کو بلا کر ہم نے بتایا کہ اگر جڑوں والی آنول سے خون بہنا بند نہ ہوا تو ہمیں بچہ دانی نکالنا پڑے گی۔ دونوں بہت فکر مند ہوئے مگر جھٹ سے دستخط کر دیے کہ بچوں کی ماں کی زندگی سے زیادہ کچھ اور اہم نہیں ہوتا۔

وہ ہر وزٹ پر ہمیں بتاتیں کہ ان کے والدین، بہن بھائی کس قدر پریشان ہیں۔ والدین کو تو انہوں نے ویزا بھیج کر بلوا بھی لیا اور وہ بے چارے ضعیف العمری کے باوجود دوڑے چلے آئے۔ اولاد سب کو اتنی ہی پیاری ہوتی ہے۔

ایک اور مشکل آن پڑی۔ ہماری چھٹیاں شروع ہو رہی تھیں سو ہمیں ان کا آپریشن ہر حال میں چھٹی پر جانے سے پہلے کرنا تھا۔ عام طور پر ڈاکٹر ایسا نہیں کرتے کیونکہ اگر آپریشن کے دو چار دن بعد کوئی پیچیدگی ہو جائے تو لیڈ سرجن کا موجود ہونا ضروری ہوتا ہے۔ لیکن یہاں مسئلہ کچھ اور تھا۔ ہماری روانگی کی سیٹ بک اور چھٹی منظور ہو چکی تھی۔

اللہ کا نام لیکر آخری سے ایک دن پہلے آپریشن طے کیا۔ پہلے سے ہی 6 بوتل خون کا بندوبست کر کے رکھنا لازمی تھا۔

ایسے کیسز میں مریضوں کو ایکس رے ڈپارٹمنٹ بھیج کر بچے دانی کو خون سپلائی کرنے والی آرٹریز کو پریشر سے بند ہونے والی نالی ڈلوائی جاتی ہے۔ آپریشن کے دوران بچہ نکالنے کے بعد اس نالی کا پریشر بڑھا دیا جاتا ہے تاکہ آرٹریز یا خون سپلائی کرنے والی شریانیں بند ہو جائیں اور خون کم سے کم ضائع ہو۔ ہمیں علم نہیں کہ پاکستان کے بڑے ٹیچنگ اسپتالوں میں یہ انتظام اب ہے کہ نہیں؟ جب تک ہم تھے، تب کچھ ایسا نہیں تھا۔

آپریشن ٹیبل پر وہ خاموشی سے لیٹی تھیں۔ ایکس رے ڈپارٹمنٹ میں پریشر والی نالی ران کے راستے شریانوں میں ڈالی جا چکی تھی۔ ان کی آنکھوں میں کچھ نمی تھی، ہم نے ہاتھ پکڑ کر یہ کہتے ہوئے انہیں تسلی دی کہ سب ٹھیک ہوگا۔

آپریشن شروع کیا۔ پیٹ کھولا، بچہ دانی کے آس پاس ابنارمل شریانوں کا انبوہ۔۔۔ جڑوں والی آنول کا کمال۔ ہم نے ٹرینی ڈاکٹر کو دکھایا جس کی آنکھیں حیرت سے باہر کو ابل پڑیں۔ ’اُف خدایا! کیا کریں گی اب آپ؟‘ انتڑیوں نے بھی چپکنے میں کوئی کسر نہیں چھوڑی تھی اور مثانہ تو ویسے ہی استاد ہے بچے دانی سے چپکنے میں۔

خیر ان سب سے بچتے بچاتے ہم نے بچہ دانی کھولی، بچہ نکالا، نرس کے حوالے کیا۔۔۔ بس پھر چراغوں میں روشنی نہ رہی۔ چاروں طرف سے شریانیں یوں خون اُگل رہی تھیں جیسے آتش فشاں پہاڑ سے لاوا۔ جڑوں والی آنول کو ہاتھ لگائے بغیر ہر طرف خون کا سمندر۔

آپریشن کے دوران بچہ دانی کو بچانا انتہائی مشکل تھا ہسٹرکٹمی کلیمپس سسٹر، (clamps Hysterectomy) دیں فوراً۔۔۔ بچے دانی بچائی نہیں جا سکتی‘، ہم نے اعلان کیا۔

تکنیکی اعتبار سے بچہ دانی نکالنا بہت مشکل تھا کیونکہ جڑوں والی آنول بچے دانی سے علیحدہ کرنا ممکن نہیں سو بچے دانی کا حجم چھوٹا نہیں ہو سکتا۔ بچہ دانی کو نکالنے کے لیے چپکا ہوا مثانہ اور انتڑیاں احتیاط سے کاٹ کر علیحدہ کرنا لازم تھا لیکن خون کی ہر طرف گرتی آبشاروں میں کچھ نظر آنا محال تھا۔

ہماری نرس ایک ہاتھ سے بہتے خون کو سکشن مشین سے صاف کرتی اور دوسرے ہاتھ سے ہمیں اوزار پکڑاتی۔ ہماری ایک اسسٹنٹ بچے دانی کو دونوں ہاتھوں میں سیدھا تھامے کھڑی اور دوسری مثانے اور انتڑیوں کو اوزار سے پکڑے ہوئے۔۔۔ اور ہم دیوانہ وار کبھی قینچی سے مثانہ علیحدہ کریں، کبھی انتڑیاں اور کبھی بچے دانی کو اوزار لگا کر کاٹیں اور کٹی ہوئی جگہ کو دھاگے سے گرہ لگا کر بند کریں۔

بچے دانی کو دونوں طرف 4 سے 6 کلیمپس یعنی اوزار لگا کر کاٹا جاتا ہے اور جہاں سے کاٹ کر علیحدہ کیا جاتا ہے اسے ایک خاص قسم کے دھاگے سے باندھ کر گرہ لگائی جاتی ہے۔ گرہ بھی اس قدر مضبوط ہونی چاہیے کہ اس حصے کو مضبوطی سے تھام کر رکھے اور وہاں سے خون لیک نہ ہو۔

ہسٹرکٹمی کرتے وقت ایک اور چیز جو گائنا کالوجسٹ کو پریشان کرتی ہے، وہ گردوں سے پیشاب لانے والی نالیاں ہیں جو مثانے میں کھلتی ہیں۔ یہ نالیاں بچے دانی کے بہت قریب سے گزرتی ہیں اور اگر ان کا خیال نہ کیا جائے تو بہت سے اناڑی ڈاکٹر انہیں بھی بچے دانی کے ساتھ کاٹ دیتے ہیں۔ انجام آپ خود سوچ لیجیے۔

خیر اس مریضہ کے ساتھ ہم چومکھی لڑ رہے تھے۔ ’ڈاکٹر پلیز خون لگا دیں، خون کا اخراج بہت زیادہ ہے‘۔ ہم نے اینیستھٹسٹ کو مخاطب کیا۔ ’جی جی آپ فکر نہ کریں ہم پہلے سے دینا شروع کر چکے ہیں‘۔

اس وقت کمرے میں دو سینیئر اینیستھٹسٹ، ایک اسسٹنٹ، پریشر والی نالی کے لیے ایکس رے ڈپارٹمنٹ کی دو نرسیں، ایک نرس اور ایک ڈاکٹر بچے کے لیے، ہم اور دو ڈاکٹر، ایک نرس ہمارے ساتھ اور ایک سے دو فلوٹر نرسیں جو ہر چیز مہیا کرنے کی ذمہ دار، مریض سمیت تقریباً 13 لوگ موجود تھے۔

ڈھیروں کپڑے خون سے بھر چکے تھے ہم تیزی سے کاٹنے اور سینے میں مصروف تھے۔ گو کہ بچہ دانی کو خون مہیا کرنے والی شریانوں کو ہم کاٹ کر باندھ چکے تھے مگر خون کا اخراج کم ہونے کو نہیں آتا تھا۔ جڑوں والی آنول بچے دانی کے باہر تک آ چکی تھی اور ویجائنا اور سروکس کی شریانیں بھی اسے خون مہیا کر رہی تھیں۔ جب تک ہم ویجائنا تک نہ پہنچتے، خون نہیں رُک سکتا تھا۔ چاروں طرف اوزار، مختلف اقسام کے دھاگے، خون کو پونچھنے والے ڈھیروں کپڑے، نالیاں اور سکشن مشین خون سے بھر چکی تھی۔ ہمارے پاؤں خون سے بھیگ چکے تھے کہ خون میز کی سائیڈ سے بہتا ہوا فرش تک پہنچ چکا تھا۔ ایک نرس نے فوراً ہمارے پاؤں کے نیچے کپڑا بچھایا تاکہ ہم پھسل نہ جائیں۔

ہمیں کہنے دیجیے کہ کچھ لمحوں کے لیے ہمیں لگا کہ یہ بچ نہیں پائیں گی۔ ہمارے دل کو دھکا سا لگا اور کچھ ثانیوں (سیکنڈز) کے لیے وہ دھڑکنا بھول گیا اور جب دھڑکا تو ایسے لگا کہ سرپٹ دوڑتا ہوا بے قابو گھوڑا ہو۔ ہم نے اپنے حواس کو قابو کیا اور اپنے آپ سے کہا کہ ہمت کیوں ہار رہی ہو؟ اپنا کام جاری رکھو۔۔۔ محاذ جنگ ہے یہ، آخری منٹ تک لڑو۔

خیر جناب، اس خیال کو جھٹکتے ہوئے ہم اپنے آپ میں واپس آئے۔۔۔ وہ اپنا آپ جو کبھی گھبراتا نہیں اور شکست ماننے کو تیار نہیں ہوتا۔ بس یہی ہے ہمارے ہاتھ میں، باقی کھیل تو کسی اور کا ہے۔

بچہ دانی نکال دی، پوری کی پوری۔ ویجائنا اور سروکس کی سب شریانیں پکڑ لیں۔ مثانے میں نیلے رنگ کا پانی ڈال کر چیک کر لیا کہ کہیں کوئی سوراخ تو نہیں ہو گیا۔ انتڑیاں بھی ٹھیک دکھتی تھیں۔ جہاں سے بچہ دانی کو کاٹ کر علیحدہ کیا تھا وہاں سے ہلکا ہلکا خون رس رہا تھا۔ ان پر پریشر بنانے والی کچھ ایسی چیزیں دبا کر رکھیں جو جسم میں چھوڑی جا سکتی ہیں۔ وقت کے ساتھ وہ گھل کر ختم ہو جاتی ہیں۔

اینیستھٹسٹ خون کی 10 ویں بوتل لگا رہے تھے۔ ہمارے اسسٹنٹ پیٹ کو بند کر کے ٹانکے لگا رہے تھے۔ نرس ہمارا گاؤن کھولتے ہوئے ہمیں ہدایت کر رہی تھی کہ ہم باتھ روم میں جا کر پاؤں اور ٹانگیں دھو لیں۔

مریضہ کو خون کی 10 بوتلیں لگائی گئیں

آپریشن تھیٹر میں پریشانی اور فکر کی لہریں سکون اور بے فکری میں تبدیل ہو چکی تھیں۔

مریضہ کا تقریباً 3 لیٹر خون ضائع ہوا تھا۔ ہم نے اسے 6 بوتلیں لال خون کی اور 4 سفید خون کی دی تھیں۔ مزید کا فیصلہ بعد میں ہیموگلوبن کی رپورٹ پر کیا جانا تھا۔

آپریشن تھیٹر سے ہم باہر نکلے۔ مریضہ کے صاحب پریشانی سے ادھر ادھر ٹہلتے ہوئے نظر آئے اور والدہ ایک کونے میں بیٹھی تسبیح کا ورد کرتے ہوئے۔ ہم نے سب کو تسلی دی۔

اس شام انتہائی تھکاوٹ کے عالم میں ہم بینچ پر بیٹھے کافی پیتے ہوئے سوچ رہے تھے کہ کیا پاکستان میں عورت کو حاملہ کرتے ہوئے کوئی مرد یہ بات سوچتا ہے کہ ہر حمل تکنیکی طور پر عورت کو موت کے قریب کرتا ہے؟ انفیکشن ہو جائے، خون زیادہ بہہ جائے، بچے دانی پھٹ جائے اور نہ جانے کیا کیا کچھ۔۔۔ ہر حمل ایک پُل صراط ہے جس پر چلتی عورت ہر قدم پر ڈگمگاتی ہے کہ اب گری کہ تب گری۔ بچ جانا صرف چانس پر ہے اس لیے کہ بچ نکلنے کی تدابیر نہ حکومت کے پاس ہیں اور نہ ہی لوگوں کی جیب اس قابل ہے کہ کسی انہونی کے لیے عورت کو کسی ایسی جگہ پہنچا سکیں جہاں عورت کے لیے کچھ کیا جا سکے۔

زچگی میں ہونے والی موت پر یہ سوچ لینا کہ اللہ کی مرضی یہی تھی کا مطلب یہ ہے کہ مرد پہاڑ کی چوٹی پر چڑھ کر چھلانگ لگائے یا چلتی ریل کے آگے لیٹ جائے۔ مر جائے تو سوچ لیا جائے کہ یہی تھی اللہ کی مرضی!

